Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 10th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 4 Preparation

Q1. سورہ العنکبوت کی کتنی آیات اور رکوع ہیں.

Ans 1: سورہ العنکبوت کی 69 آیات اور 7 رکوع ہیں.

Q2. الفاظ کے معنی تحریر کریں- وضینا - حملتہ- کرھا

Ans 1: وضینا- ہم نے حکم فرمایا حملتہ- اٹھائے رکھا کرھا- تکلیف سے

Q3. اس میں کتنی آیات ہیں

Ans 1: اس میں انہتر آیات ہیں

Q4. سورہ مریم کب نازل ہوئی.

Ans 1: سورہ مریم اس وقت نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر ظلم کررہے تھے.

Q5. جہنمیوں کو کیا دیا جائے گا

Ans 1: جہنمیوں کو کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا.

Q6. سورہ الروم میں سود کے بارے میں کیا فرمایاگیا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی کے نزدیک سود سے مال گھٹتا ہے اور زکوۃ سے مال بڑھتا ہے.

Q7. اللہ تعالی نے آگ کو کیا حکم دیا.

Ans 1: اُللہ تعالی نے آگ کو حکم دیا کہ میرے ابراہیم کے لیے ٹھنڈی ہوجا اور سلامتی والی بن جا.

Q8. الفاظ کے معنی تحریر کریں- مبرکا- الصلوۃ- مادمت - جبارا- یمترون- فیکون- الزکوۃ- شقی-ابعث-ان یتخذ

Ans 1: مبرکا- بابرکت - اصلوۃ- نماز مادمت - جب تک میں رہوں- جبارا - سرکش یمترون - وہ لوگ شک کرتےہیں- فیکون - تووہ ہوجاتا ہے الزکوۃ- زکوٰۃ شقی- بدبخت ابعث- میں اٹھایا جاؤں ان یتخذ - کہ وہ بنائے

Q9. اللہ تعالی نے زمین پر پہار کیوں بنائے ہیں.

Ans 1: اللہ تعالی نے زمین پر پہاڑ اس لیے بنائے ہیں تاکہ زمین ہچکولے نہ کھائے.

Q10. قوم سبا کہاں آباد تھی-

Ans 1: قوم سبا یمن میں آباد تھی
